**24.09.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... نتیکا تیاگی

**Music**

---

☆ وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے گلوبل ساؤتھ کے ساتھ اشتراک کی حوصلہ افزائی کیلئے اقوامِ متحدہ اصلاحات پر زور دیا ہے۔ وزیرِ خارجہ نے نیویارک میں اقوامِ متحدہ جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر گلوبل ساؤتھ کے ملکوں کے رہنماؤں کے ساتھ میٹنگیں کی ہیں۔

☆ کامرس اور صنعتوں کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت کو امریکہ کے ساتھ توانائی کی تجارت میں اضافہ ہونے کی امید ہے۔

☆ ایران کے رہبرِ اعلیٰ علی خامنہ ای نے امریکہ کے ساتھ ایٹمی بات چیت کے خلاف خبردار کیا ہے اور ایران کیلئے بڑے ناقابلِ تلافی نقصان کے تعلق سے تنبیہ کی ہے۔

☆ ISSF جونیئر ورلڈ کپ آج نئی دلّی میں شروع ہورہا ہے۔

☆ اور ایشیا کپ کرکٹ میں، آج شام دوبئی میں سُپر فور مرحلے کے ایک میچ میں بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**JAISHANKAR-HIGH LEVEL MEETING**

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے نیویارک میں اقوامِ متحدہ جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس کے موقع پر گلوبل ساؤتھ یعنی خطۂ جنوب کے ترقی پذیر اور کم ترقی یافتہ ملکوں کی اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی میزبانی کی۔ میٹنگ کے دوران ڈاکٹر جے شنکر نے یکجہتی کو وسعت دینے اور اشتراک کی حوصلہ افزائی کے مقصد سے گلوبل ساؤتھ کے ملکوں میں صلاح و مشورے کے عمل کو مستحکم بنانے کی خاطر موجودہ فورموں کو بروئے کار لائے جانے پر زور دیا۔ انہوں نے مجموعی اعتبار سے اقوامِ متحدہ اور کثیر ملکی

نظام میں اصلاحات کے تعلق سے تجویز بھی پیش کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے بتایا کہ انہوں نے اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے موقع پر سنگاپور کے وزیرِ خارجہ Vivian بالا کرشنن، سینٹ لوشیا کے وزیرِ خارجہ Alva Baptiste اور صومالیہ کے وزیرِ خارجہ عبدالسلام علی سے بھی ملاقات کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے نیدرلینڈس کے وزیرِ خارجہ کے ساتھ بھی گفتگو کی، جس میں یوروپی کلیدی موقف اور بھارت کی حکمتِ عملی پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اِس کے علاوہ، انہوں نے ڈنمارک، ماریشس، مالدیپ، سری لنکا اور Lesotho کے اپنے منصب وزیروں سے بھی بات چیت کی۔ x

**GOYAL INDIA-US ENERGY**

کامرس اور تجارت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت، اگلے پانچ برس کے دوران ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کی صلاحیت میں توسیع کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ نیویارک میں امریکہ-بھارت اسٹریٹیجک ساجھیداری فورم سے خطاب کرتے ہوئے، جناب گوئل نے کہا کہ حکومت کا مقصد، ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کی اپنی صلاحیت کو 250 گیگاواٹ سے بڑھاکر 550 گیگاواٹ کرنا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت کو امید ہے کہ آنے والے سالوں میں امریکہ کے ساتھ توانائی سے متعلق مصنوعات کی تجارت میں اضافہ ہوگا۔ جناب گوئل نے کہا کہ بھارت اور امریکہ نیوکلیائی توانائی کے شعبے میں اشتراک کرسکتے ہیں۔x

**GST REFORMS-FOOD PRODUCT**

اگلے دور کی GST اصلاحات سے، بھارت کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی جانب ایک اہم قدم کا اظہار ہوتا ہے۔ اب لوگ GST اصلاحات کا فائدہ حاصل کر سکتے ہیں، جن پر اِس مہینے کی 22 تاریخ سے عمل شروع ہو گیا ہے۔ نئے نظام کے تحت GST کونسل نے پانچ، بارہ، اٹھارہ اور اٹھائیس فیصد کے، پہلے والے چار زمروں کے نظام کو، پانچ اور اٹھارہ فیصد کے دو زمروں والے نظام میں تبدیل کر دیا ہے۔ بہت سی اشیا اور خدمات پر عائد ٹیکس کی شرحوں میں کمی کیے جانے سے شہریوں کو، خاطر خواہ راحت ملی ہے۔

نئے سلسلے کی GST اصلاحات کے تحت سرکار نے غذائی اشیاء پر ٹیکس کافی کم کردیا ہے، جس سے عام آدمی کا خرچ بھی کم ہوگیا ہے۔ متوسط طبقے اور ذیلی متوسط طبقے کے کنبوں کیلئے سیدھے بچت کی راہ ہموار کرتے ہوئے، سرکار نے مختلف سبزیوں پر ٹیکس 12 فیصد سے کم کرکے پانچ فیصد کیا ہے۔ اِسی طرح ڈبہ بند پھلوں کی اشیاء پر GST شرح 12 سے کم کرکے 5 فیصد کی گئی ہے۔ اِس سے خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے شعبے کو بڑھاوا ملے گا اور کسانوں اور صارفین کو فائدہ ہوگا۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے دلّی کے ایک باشندے ہرش نے کہا کہ ڈبہ بند غذائی اشیاء پر GST کم ہونے سے پھل اور سبزیاں سستی ہوجائیں گی اور اِس سے لوگوں پر مالی بوجھ کم ہوجائے گا۔

**GADKARI-AGRICULTURE**

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے زور دے کر کہا ہے کہ ملک میں توانائی اور بجلی کے شعبے کی جانب زراعت کو متنوع بنانا ایک بڑی ضرورت ہے۔ آج نئی دلّی میں انڈیا بائیو اِنرجی اینڈ Tech ایکسپو کے دوسرے ایڈیشن سے خطاب کرتے ہوئے جناب گڈکری نے کہا کہ بھارت کی آبادی کا 65 فیصد حصہ دیہی علاقوں اور زراعت سے وابستہ ہے اور GDP میں اُن کی حصہ داری محض 14 فیصد ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گاؤوں میں غریبی اور بے روزگاری کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ کسانوں کو اُن کی فصل کا صحیح اور موزوں دام نہیں مل پاتا۔

**Byte: Gadkari**

مرکزی وزیر نے زور دیا کہ اکثر عالمی بازار، چینی، مکّا، تیل اور سویابین جیسی فصلوں کے دام طے کرتے ہیں، جس سے بھارتی کسانوں کیلئے حالات نامساعد ہوجاتے ہیں۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ اس طرح کی پہلوں کے ذریعے کسانوں کی مدد کرنا اور دیہی، زرعی اور قبائلی معیشتوں کو فروغ دینا بے حد ضروری ہے۔×

**SEVA PARV-INDIA AI MISSION**

سیوا اور سُشاسن یعنی عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے، وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں سرکار بڑی تبدیلی لانے اور ترقی کے لیے انتھک کام کررہی ہے۔ Seva Parv کے عنوان سے خصوصی سلسلے میں آج ہم اِس بارے میں بات کررہے ہیں کہ مودی سرکار، انڈیا AI مشن کے ذریعے بھارت کو کس طرح مستقبل کیلئے تیار کررہی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...... **Capsule**

*آرٹیفیشیل انٹلی جنس AI ایک ایسا انقلاب ہے، جو نئے سرے سے اِس بات کی تشریح کرے گا کہ کیا ممکن ہے اور جس طرح ہم رہتے ہیں، کام کرتے ہیں اور سوچتے ہیں، اُس میں کس طرح تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ نریندر مودی سرکار نے پچھلے سال مارچ میں انڈیا AI مشن کو منظوری دی تھی اور اِس کیلئے 10 ہزار 300 کروڑ روپے سے زیادہ مختص کیے گئے تھے۔ AI کے فروغ اور اِسے اختیار کرنے کے شعبے میں بھارت سرکردہ ملکوں میں شامل ہے اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اِس کا مقصد بھارت کیلئے AI کو مفید بنانا ہے۔*

***SB - PM AI -1***

*بہت کم وقت میں ہی بھارت نے دنیا میں سب سے کم خرچ Common Computing سہولت دستیاب کرائی ہے۔ الیکٹرانکس اور IT محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے اِس بارے میں جانکاری دی۔*

***SB - Ashwini Vaishna***

**GOVT-HOUSES**

سرکار نے کہا ہے کہ پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے تحت دو کروڑ 82 لاکھ سے زیادہ مکان بن کر تیار ہوچکے ہیں۔ دیہی علاقوں میں سبھی کو مکان فراہم کرنے کی خاطر 2016 میں یہ اسکیم شروع کی گئی تھی۔ مذکورہ اسکیم سے کچن اور بیت الخلاء جیسی بنیادی سہولیات کے ساتھ پکے مکانوں کی تعمیر سے دیہی علاقوں کے کنبوں کو مدد ملی ہے۔ اس سے معیارِ زندگی بہتر ہوا ہے اور سماجی اور معاشی ترقی کو فروغ حاصل ہوا ہے۔ اِس سال اگست تک دیہی ترقیات کی وزارت نے ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کیلئے مجموعی طور پر چار کروڑ 12 لاکھ مکانوں کا نشانہ مختص کیا تھا۔ اِس میں سے تین کروڑ 85 لاکھ مکانوں کو منظوری دی گئی ہے اور دو کروڑ 82 لاکھ سے زیادہ مکان مکمل ہوگئے ہیں۔ x

**PREZ-CULTURAL POWER**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایک اقتصادی طاقت کے طور پر بھارت کے بڑھتے ہوئے رتبے کے ساتھ ساتھ ایک ثقافتی قوت کے طور پر بھارت کی پہچان کو مستحکم بنانے کی خاطر اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ صدرِ جمہوریہ نئی دلّی میں للت کلا اکیڈمی کے زیرِ اہتمام 64ویں قومی آرٹ نمائش کی تقریب میں اظہارِ خیال کررہی تھیں۔ محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ آرٹ، ثقافتی وراثت کو مالا مال بنانے اور معاشرے کو اور زیادہ حساس بنانے کا ایک طاقتور وسیلہ ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارتی آرٹ لگاتار ابھر رہا ہے اور نئے پہلوؤں کی عکاسی کررہا ہے۔

**SB - Dropadi Murmu**

**IRAN NUCLEAR TALKS**

ایران کے رہبرِ اعلیٰ علی خامنہ ای نے موجودہ حالات میں امریکہ کے ساتھ ایٹمی مذاکرات کے خلاف خبردار کیا ہے اور کہا ہے کہ اِس سے ایران کے قومی مفادات میں کوئی مدد نہیں ملے گی۔ انہوں نے یہ تنبیہہ بھی کی ہے کہ اِس طرح کی بات چیت سے ایران کیلئے بڑا نقصان ہوسکتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی ایسا نقصان ہوجائے ، جس کی تلافی نہیں ہوسکتی۔ جناب خامنہ ای نے امریکی رویے کی یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی کہ امریکہ نے ایران کی ایٹمی سرگرمیوں اور یورینیم کو افزودہ بنانے کے عمل کو روکنے کا مطالبہ کرکے مذاکرات کا نتیجہ پہلے ہی طے کردیا ہے۔ x

**PM-MEMENTOS E-AUCTION**

وزیراعظم نریندر مودی نے شہریوں سے PM Mementos ای-نیلامی کے ساتویں ایڈیشن میں فعال طور پر شامل ہونے کیلئے کہا ہے۔ یہ نیلامی 2 اکتوبر تک pm mementos.gov.in پر جاری ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی

نے کہا کہ اس نیلامی میں بھارت کی ثقافت اور تخلیقی صلاحیت کی عکاسی کرنے والے بے حد دلچسپ سازوسامان شامل ہیں۔×

**PM-CONDOLENCE**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے سعودی عرب کے مفتی اعظم شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن محمد الشیخ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے دکھ کی اِس گھڑی میں سعودی عرب کے عوام کے ساتھ رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ x

**PUNJAB-CENCER DETECTION**

پنجاب نے سینے کے کینسر، گردن کے کینسر اور انعطاف سے متعلق خامیوں کا جلد پتہ چلانے کی غرض سے اپنی نوعیت کے پہلے مصنوعی ذہانت-AI پر مبنی اسکریننگ آلات کا آغاز کیا ہے۔ ICMR کے نیشنل کینسر Registry پروگرام کے مطابق، پنجاب میں سال 2024 میں کینسر کے 42 ہزار 288 نئے کیسوں کی اطلاع ملی ہے، جو اس سے پچھلے سال 2023 کے مقابلے سات فیصد زیادہ ہے۔×

**MAHA-RAIN**

مہاراشٹر میں مراٹھواڑہ کے کئی حصوں، خاص طور پر لاتور، دھارا شیو اور ہنگولی ضلع میں پچھلے تین دن سے لگاتار بارش ہونے کے سبب سنگین صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ NDRF کے اہلکاروں نے Paranda تعلقے میں Kapilapuri کے مقام پر ایک نوزائیدہ بچے سمیت ایک ہی کنبے کے 9 افراد کو بچاکر باہر نکالا ہے۔ وہاں پانی کی سطح میں خطرناک ڈھنگ سے اضافہ ہوا ہے۔ Vaijapur کے پنچ شیل نگر میں بارش کا پانی کئی مکانوں میں آگیا ہے۔ متعلقہ حکام کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ مکانوں میں پانی کے داخل ہونے سے ہونے والے نقصانات کا پنچ نامہ تیار کریں۔ متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائی جاری ہے۔

**WB-RAIN**

مغربی بنگال میں، بارش سے مرنے والوں کی تعداد 10 ہوگئی ہے۔ راجدھانی کولکاتہ سب سے زیادہ متاثر ہوئی ہے۔ ریاست میں تیز بارش ہونے سے بڑے پیمانے پر روز مرہ کی زندگی متاثر ہوئی اور 10 افراد کی جان گئی ہے۔ کولکاتہ میں بھی 8 اموات کی اطلاع ملی ہے۔ شہر میں کئی مقامات پر پانی بھر جانے، بجلی کی سپلائی منقطع ہونے اور ٹریفک متاثر ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ کولکاتہ میں ہونے والی سبھی اموات بجلی کا کرنٹ لگنے سے ہوئیں، جہاں لوگ شہر میں مختلف زیرِ آب علاقوں میں بجلی کے تار کی زد میں آگئے۔ ٹرین اور میٹرو خدمات پر بھی اثر پڑا ہے۔ کولکاتہ میں ٹریفک درہم برہم ہوکر رہ گیا ہے کیونکہ

قریب قریب ہر سڑک راستے پر پانی بھر گیا ہے۔

لگاتار بارش ہونے کے سبب کولکاتہ کے وسیع علاقوں اور اِس کے مضافات میں بجلی اور انٹرنیٹ خدمات میں خلل پڑ گیا ہے۔ شدید بارش کی وجہ سے کئی درگا پوجا پنڈالوں کو نقصان پہنچا ہے۔ کولکاتہ میں رات میں تیز بارش ہونے کے تناظر میں 60 سے زیادہ پروازیں منسوخ کرنا پڑیں، جبکہ 42 پروازوں میں تاخیر ہوئی ہے۔ ریاست کی وزیرِ اعلیٰ ممتابنرجی نے پہاڑی علاقوں کو چھوڑ کر دیگر سبھی علاقوں میں آج سرکاری اور سرکار کی امداد سے چلنے والے اسکولوں کیلئے چھٹی کا اعلان کیا ہے۔ x

## VAISHNAV VANDE BHARAT SLEEPER

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ دو، وندے بھارت سلیپر ٹرینیں جلد ہی شروع کی جائیں گی۔ کل نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اشونی ویشنو نے کہا کہ پہلی ٹرین کے چلائے جانے کے سبھی تجربات کامیاب رہے ہیں اور امید ہے کہ دوسری ٹرین کے یہ تجربات اگلے مہینے کے وسط میں مکمل ہوجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اِن دونوں ٹرینوں کا آغاز ایک ساتھ کیا جائے گا، تاکہ باضابطہ خدمات اور رات بھر کے سفر کو یقینی بنایا جاسکے۔

وندے بھارت سلیپر ٹرین، BEML کمپنی نے تیار کی ہے، جس میں ایک ہزار 128 مسافر ایک ساتھ سفر کر سکتے ہیں۔ یہ ٹرین زیادہ سے زیادہ 180 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلائی جا سکے گی جو ملک میں 24 گھنٹے کے اندر اندر آنے اور جانے والی سب سے تیز رفتار ٹرین ہوگی۔ ریلوے کے وزیر نے دیوالی اور چھٹھ تہواروں کے دوران یکم اکتوبر سے 15 نومبر تک 12 ہزار خصوصی ریل گاڑیاں چلانے کا بھی اعلان کیا ہے۔

## ISSF JUNIOR WORLD CUP

ISSF جونیئر ورلڈ کپ آج سے نئی دلّی میں شروع ہورہا ہے۔ یہ مقابلے دلّی میں ڈاکٹر Karni Singh شوٹنگ رینج میں آج سے اگلے مہینے کی 2 تاریخ تک جاری رہیں گے۔ اِس میں رائفل ، پسٹل اور Shotgun میں مقابلے ہوں گے۔ 18 ملکوں کے تقریباً 208 نوجوان نشانے باز اس میں حصہ لیں گے۔ مجموعی طور پر 51 تمغے دیئے جائیں گے۔ میزبان بھارت کی طرف سے 69 ایتھلیٹس اِس میں حصہ لے رہے ہیں۔ x

## ASIA CUP

ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں آج شام دوبئی میں سُپر فور مرحلے کے ایک میچ میں بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔ یہ میچ رات 8 بجے شروع ہوگا۔ دونوں ٹیموں نے سُپر فور مرحلے کے اپنے اپنے پہلے میچ جیت لئے ہیں۔ بھارت نے ٹورنامنٹ میں دوسری بار پاکستان کو شکست دی، جبکہ بنگلہ دیش نے سری لنکا کو ہرایا۔

اِدھر گل رات کھیلے گئے سُپر فور مرحلے کے میچ میں پاکستان نے سری لنکا کو پانچ وکٹ سے ہرایا۔ پاکستان نے 134 رَن کا نشانہ 18 اوور میں پانچ وکٹ کھو کر حاصل کرلیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆